پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

13/12/2021

رضا کار اداروں کو گرانٹ اسکیم کے تحت 15.624 لاکھ روپئے منظور

-لکھنؤ: ۱۳/ دسمبر ۲۰۲۱ء

ریاستی حکومت نے ذہنی طور پر کمزور اور بیمار بے سہارا معذور افراد کیلئے پناہ گاہ کے ساتھ تربیتی مراکز کو چلانے کیلئے رضا کار اداروں کو گرانٹ اسکیم کے تحت 15.624 لاکھ روپئے کی رقم منظور کی ہے۔ یہ رقم رواں مالیاتی سال میں دوسری قسط کے طور پر منظور کی گئی ہے۔

محکمۂ معذور افراد مستحکم کاری نے اس ضمن میں ضروری حکم نامہ جاری کر دیا ہے۔ جاری حکم نامہ کے مطابق اس اسکیم کے تحت منظور گرانٹ تجاویز کے مقابلے تین رضا کار اداروں کی پہلی قسط کی استعمال سند مہیا کرانے کے بعد دوسری قسط کی رقم منظور کی گئی ہے۔ جن رضا کار اداروں کیلئے گرانٹ کی رقم منظور کی گئی ہے، ان میں رام پور کی اسیم سماج سیوا سنستھان، کاسگنج کی سرشٹی فاؤنڈیشن اور کوشامبی کی دیپ مالا جن کلیان سیوا سنستھان شامل ہیں۔ فی رضا کار ادارہ کو-/520800 روپئے کی رقم منظور کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆